مطبوعات

امام احمد بن حنبلؒ تالیف: جناب ابوزہرہ صاحب پروفیسر آف اسلامک لا قاہرہ یونیورسٹی مصر۔ مترجم: مولانا عمر فاروق صاحب ایم۔ اے۔ ناشر: اسلامی پبلشنگ کمپنی، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور۔ قیمت ۹ روپے۔ صفحات ۵۰۶۔

مصر کے نامور عالم جناب ابوزہرہ کی اس فاضلانہ تصنیف کا ذکر ہم گزشتہ ترجمان القرآن میں کر چکے ہیں۔ وہ ترجمہ جناب رئیس احمد جعفری نے کیا ہے اور زیر تبصرہ کتاب کا ترجمہ مولانا عمر فاروق کی فکری کاوش کا نتیجہ ہے۔ کتاب کے ناشر جناب عبدالحمید نظامی صاحب نے حرفِ آغاز میں اس بات کا ذکر کیا ہے کہ چونکہ رئیس احمد صاحب کے ترجمے میں بہت سے حصے حذف کر دیئے گئے تھے اس لیے انہوں نے کتاب کے مکمل ترجمہ کو شائع کرنے کا ارادہ کیا۔ یہ مقصد بڑا نیک ہے۔ ہم اس بات کے قائل ہیں کہ کوئی انسانی کوشش بھی ہر لحاظ سے مکمل اور مبّرا عن الخطا نہیں ہو سکتی۔ ہر کام میں کچھ نہ کچھ اسقام رہ جاتے ہیں جن کو بعد میں آنے والے دوسرے لوگ دُور کرتے ہیں۔ اس لیے اصلاح کی گنجائش ہر وقت باقی رہتی ہے۔ یہی حال اس ترجمہ کا بھی ہے۔ مولانا عمر فاروق صاحب کی کوشش سے یقیناً وہ بہت سی خامیاں دُور ہو گئی ہیں جو پہلے ترجمے میں موجود تھیں البتہ سابقہ ترجمہ پر تعلیقات و حواشی کا ذکر جس انداز سے کیا گیا ہے ہم اس سے متفق نہیں۔ مولانا عطاء اللہ بھوجیانی صاحب کو ہم اچھی طرح جانتے ہیں، اُن سے کسی معاملہ میں سہو ہو سکتا ہے اور اُن کی آراء سے اختلاف بھی کیا جا سکتا ہے لیکن اُن کے متعلق یہ کہنا کہ تعلیقات لکھنے میں ان کا مقصد فاضل مصنف کو اُن کے علمی مرتبے سے گرانا تھا، یہ صحیح معلوم نہیں ہوتا۔

کتاب کے شروع میں مولانا ابوالکلام آزادؒ کا حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے متعلق ایک قابلِ قدر مضمون بھی بطورِ تعارف درج کر دیا گیا ہے۔ کتاب کا معیار کتابت و طباعت عمدہ ہے۔